PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 23 جنوری 2024ء

الیکشن کمیشن کے نوٹس میں یہ بات آئی کہ این اے 44 ڈیرہ اسمعیل خان کے ریٹرننگ افسر نے مبینہ طور پر اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے اپنے حلقے کے ایک امیدوار کا انتخابی نشان بلاجواز تبدیل کیا۔ کمیشن نے اس معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ابتدائی تحقیقات کرائیں جس میں یہ بات ثابت ہوگئی کہ مذکورہ ریٹرننگ افسر نے اپنے اختیارات سے تجاوز کیا۔ کمیشن نے فوری کاروائی کرتے ہوئے مذکورہ ریٹرننگ افسر / ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کو تبدیل کرتے ہوئے سید گلفام عباس شاہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایف اینڈ پی) ڈیرہ اسمٰعیل خان کو این اے 44 میں بطور ریٹرننگ افسر تعینات کر دیا اور چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ کو مذکورہ ریٹرننگ افسر / ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کی فوری معطلی اور اُسے اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ رپورٹ کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ علاوہ ازیں کمیشن نے مذکورہ افسر کے خلاف باضابطہ انکوائری کے لیے صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ کی سربراہی میں تین رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی ہے جو چھ ایام میں اپنی رپورٹ جمع کرانے کی پابند ہوگی۔

ترجمان

الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House, Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION & OUTREACH WING